## سابق سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال کی واشنگٹن میں رچرڈ ہالبروک سے ملاقات

### دہشت گردی کے خلاف جاری جنگ، پاکستان اور افغانستان کی صورتحال، پاک امریکہ تعلقات اور مختلف امور پر بات چیت

### پاکستان مسلسل دہشت گردی کا نشانہ بن رہا ہے لیکن اسکے باوجود پاکستان پر ہی انگلیاں اٹھائی جاتی ہیں۔مصطفیٰ کمال

### گڈ گورننس اور عوام کی معاشی حالت کو بہتر بنا کر ہی دہشت گردی کے خلاف جنگ کو کامیابی سے ہمکنار کیا جاسکتا ہے اور لوگوں کو دہشت گردوں کے ہاتھوں میں جانے سے روکا جاسکتا ہے۔مصطفیٰ کمال

### پاکستان کو معاشی لحاظ سے مستحکم کرنے کیلئے پاکستانی مصنوعات کی امریکی منڈیوں تک رسائی کو ممکن بنایا جائے۔مصطفیٰ کمال

### دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کی مسلح افواج اور عوام نے جو قربانیاں دی ہیں امریکہ اس کا اعتراف کرتا ہے۔رچرڈ ہالبروک

### امریکہ معاشی وتجارتی شعبوں میں بھی پاکستان کے ساتھ بھرپور تعاون کرے گا۔رچرڈ ہالبروک

واشنگٹن ۔۔۔ 5 مئی 2010ء

سابق سٹی ناظم کراچی اور ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سید مصطفیٰ کمال نے واشنگٹن میں پاکستان اور افغانستان کیلئے امریکہ کے خصوصی نمائندے رچرڈ ہالبروک سے ملاقات کی۔ دفتر خارجہ میں ہونے والی اس ملاقات میں دہشت گردی کے خلاف جاری جنگ کے حوالے سے پاکستان اور افغانستان کی صورتحال، پاک امریکہ تعلقات اور باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے مصطفیٰ کمال نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کی فوج، پیراملٹری فورسز، پولیس اور شہریوں نے ہزاروں کی تعداد میں قربانیاں پیش کی ہیں، پاکستان مسلسل دہشت گردی کا نشانہ بن رہا ہے لیکن اسکے باوجود پاکستان پر ہی انگلیاں اٹھائی جاتی ہیں اور امریکی منڈیوں کے دروازے پاکستان کی مصنوعات کیلئے بند ہیں جبکہ انڈیا، سری لنکا، کمبوڈیا اور بنگلہ دیش تک کی مصنوعات کیلئے امریکی دروازے کھلے ہوئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کو معاشی لحاظ سے مستحکم کرنے کیلئے پاکستانی مصنوعات بالخصوص ٹیکسٹائل مصنوعات کی امریکی منڈیوں تک رسائی کو ممکن بنایا جائے۔مصطفیٰ کمال نے کہا کہ پاکستان اور افغانستان میں گڈ گورننس اور عوام کی معاشی حالت کو بہتر بنا کر اور سوشل سیکٹر میں مدد کر کے ہی دہشت گردی کے خلاف جنگ کو کامیابی سے ہمکنار کیا جاسکتا ہے اور لوگوں کو دہشت گردوں کے ہاتھوں میں جانے سے روکا جاسکتا ہے۔رچرڈ ہالبروک نے مصطفیٰ کمال کے خیالات سے اتفاق کیا اور کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کی مسلح افواج اور عوام نے جو قربانیاں دی ہیں امریکہ اس کا اعتراف کرتا ہے اور امریکہ سمجھتا ہے کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ کی کامیابی کیلئے پاکستان کا استحکام ضروری ہے۔رچرڈ ہالبروک نے کہا کہ امریکہ معاشی وتجارتی شعبوں میں بھی پاکستان کے ساتھ بھرپور تعاون کرے گا۔

## اسلام آباد دھماکوں میں ملک کی مذہبی وسیاسی جماعت کے سخت گیر گروپ کے ملوث کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے،حق پرست اراکین قومی اسمبلی

کراچی۔۔۔5مئی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست قومی اراکین اسمبلی انگریزی روزنامہ کی رپورٹ جس میں بعض انتہائی معتبر ذرائع نے اس بات کی تصدیق کی ہے کہ گزشتہ ماہ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں ہونے والے تین چھوٹے دھماکوں میں ایک مذہبی سیاسی جماعت کا ’’سخت گیری گروپ‘‘ ملوث ہے کی تحقیقاتی رپورٹ پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ انگریزی اخبار کے رپورٹ کی روشنی میں اسلام آباد دھماکوں کے اصل ملزمان کو گرفتار کر کے قرارواقعی سزادی جائے۔حق پرست اراکین اسمبلی نے کہا کہ رپورٹ میں یہ بھی واضح ہے کہ یہ وہی گروپ ہے جس نے 12 مارچ کو لاہور اقبال ٹاؤن میں متواتر کئی دھماکے کیئے تھے، ذرائع نے یہ بھی دعویٰ کیا ہے کہ مذکورہ گروپ سے تعلق رکھنے والے 6 سے 7 افراد اپریل کے پہلے ہفتے میں اسلام آباد آئے تھے اور سیکٹر G-8 میں واقع ایک گھر میں قیام پذیر ہوئے تھے جنہوں نے اپنے دو ہفتے کے قیام کے دوران 7 اپریل کو سیکٹر F-7 میں جناح سپر مارکیٹ کے پارکنگ ایریا میں اور 13 اپریل کو دو مقامات او پی ایف کالج کے بالمقابل گرین بیلٹ سیکٹر H-8/4 اور وفاقی گورنمنٹ گرلز کالج سیکٹر G-10/4 کے اندر کامیابی کے ساتھ دھماکہ خیز مواد استعمال کر کے دھماکے کیئے۔انہوں نے کہا کہ تحقیقات کنندگان نے اس ضمن میں لاہور کا دورہ کیا اور اپنے ہم منصبوں کے ساتھ شواہد کا تبادلہ بھی کیا تاکہ مذکورہ گروپ اور اس کے پس پشت عناصر کا سراغ لگا کر ان کی گرفتاری عمل میں لائی جاسکے تاہم گروپ کے ارکان چھاپے سے قبل ہی فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔اراکین اسمبلی نے یہ بھی کہا کہ انگریزی اخبار کی رپورٹ میں یہ بھی دعویٰ کیا گیا ہے کہ مذکورہ گروپ سے تعلق رکھنے والے تمام افراد ملک کے جنوبی حصوں میں روپوش ہیں تاہم ان کی

نشاندہی اورگرفتاری کے ضمن میں کارروائی پوری تندہی سے جاری ہے۔انہوں نے کہا کہ اس سے قبل اسلام آباد پولیس نے 4دسمبرکوراولپنڈی پریڈلین کی مسجد میں جان لیواحملہ کرنیوالے انتہاء پسندوں کی معاونت کرنے اورسہولیات باہم پہنچانے کے شبہ میں مذکورہ مذہبی وسیاسی جماعت کے سخت گیرگروپ سے تعلق رکھنے والے16سے 17افرادکوگرفتاربھی کیاتھا تاہم مذکورہ سخت گیرگروپ کے انتہاء پسندوں کے گروپ کے ساتھ روابط ہیں اوران سے تعلق رکھنے والے بیشترافرادمیرانشاہ اورشمالی وزیرستان سمیت قبائلی علاقوں کی جانب سے فرار ہوگئے ہیں اورگرفتاری سے بچنے کیلئے مستقل وہاں روپوش ہیں۔انہوں نے کہا کہ رپورٹ میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ معلومات اورشواہد کے تبادلہ کے دوران اسلام آباد پولیس کی اسپیشل برانچ نے لاہور پولیس کی اسپیشل برانچ کواس امرکی نشاندہی کی کہ ماضی قریب میں بھی دہشت گردی کی وارداتوں میں مذکورہ گروپ نے بالکل یکساں موادادریکساں طریقہ کاراستعمال کیا تھااوران وارداتوں میں تقریباًایک کلومقامی طور پرتیارکردہ دھماکہ خیزمواداستعمال کیا گیاجس کی تیاری کیلئے IEDs کے ساتھ پاگروٹیلنیگ موادکوشامل کیا گیااوران آلات کوسیفٹی فیوز کے ذریعے چلایا گیاجنہیں اسلام آباد کے جناح سپرمارکیٹ کی فٹ پاتھ پردھاتی ڈبے،اوپی ایف کالج کے سامنے گرین بیلٹ پرکچرہ جمع کرنے والے دھاتی ڈرم اورFG گرلزکالج کے اندردھاتی کچرہ دانی میں نصب کرکے استعمال کیا گیاجنہیں کنٹینرمیں بہت سختی سے بندکیا گیاتھا تاکہ دھماکے کی شدت اوراس سے پیداہونیوالی خ خوفناک آواز ازحد اضافہ بھی ہوسکے۔حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے انگریزی اخبارکی رپورٹ میں واضح ہے کہ کون لوگ اسلام آباددھماکوں اورلاہوردھماکوں میں ملوث ہیں اورملک کونقصان پہنچارہے ہیں۔حق پرست اراکین اسمبلی نے صدرمملکت آصف علی زرداری،وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی اوروفاقی وزیرداخلہ رحمٰن ملک سے مطالبہ کیا ہے کہ اسلام آباداورلاہوردھماکوں میں ملوث مذہبی سیاسی جماعت کے کارندوں کوگرفتارکرکے عبرتناک سزادی جائے اورشہریوں کواس تنظیم اوراس کے دہشت گردعناصر سے نجات دلائی جائے۔

## ملک میں پولیس حکام اوراہلکاراپنے آپ کوآئین وقانون سے ماوراتصورکررہے ہیں،ارکان سندھ اسمبلی

## فیصل آبادتھانے میں خاتون عابدہ حمیدکوبہیمانہ تشددکانشانہ بنانے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت

## سپریم کورٹ کی جانب سے خاتون پرتشددکاازخودنوٹس لیناظلم کاشکارخواتین اورمظلوم عوام کیلئے امیدکی کرن ہے

کراچی۔۔۔5،مئی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے فیصل آباد کے سول لائن تھانے میں خاتون عابدہ حمیدکوبہیمانہ تشددکانشانہ بنانے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور مطالبہ کیا کہ شہریوں خصوصاًخواتین پرپولیس مظالم اورتشددکے واقعات کی روک تھام کیلئے آئین وقانون پرسختی سے عملدرآمدکویقینی بنایاجائے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ فیصل آباد کے سول لائن تھانے میں خاتون پرتشددکی فوٹیج منظرعام پرآنے سے دنیا بھرمیں پاکستانی قوم کے سرشرم سے جھک گئے ہیں اوریہ بات ثابت ہوگئی ہے کہ ملک میں پولیس حکام اوراہلکاراپنے آپ کوآئین وقانون سے ماروائے تصورکررہے ہیں اورجاگیردارانہ،وڈیرانہ اورسردارانہ نظام کے زیرسایہ نہ صرف عوام بلکہ خواتین کوبھی اپنی درندگی کا نشانہ بنارہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ سپریم کورٹ کی جانب سے خاتون پرتشددکاازخودنوٹس لینااوراس میں ملوث عناصرکوسزائیں دینے کے سختی سے احکامات جاری کرناظلم کاشکار خواتین اورمظلوم عوام کیلئے امیدکی کرن ہے۔حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے صدرمملکت آصف علی زرداری،وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اوروزیراعلیٰ پنجاب شہبازشریف سے مطالبہ کیا کہ فیصل آباد کے تھانے میں خاتون عابدہ حمید پرتشددمیں ملوث پولیس اہلکاروں اورافسران کے خلاف سخت کارروائی کی جائے اورمحکمہ پولیس کوکالی بھیڑوں سے پاک کر کے اس پرعوامی اعتمادکوفی الفوربحال کیا جائے۔

## ایم کیوایم پنجاب میں بھی پڑھے لکھے اور غریب و متوسط طبقے کی قیادت متعارف کرائے گی، لیبر ڈویژن

## اقتدار کا حصول ایم کیوایم کی منزل ہرگز نہیں بلکہ ایم کیوایم فرسودہ نظام کی تبدیلی چاہتی ہے

## پنجاب کنونشن میں شرکت کر کے فقید المثال کامیابی سے ہمکنار کرانے پر پنجاب بھر کے عوام اور محنت کشوں کو مبارکباد

کراچی۔۔۔5،مئی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن کے انچارج وسیم قریشی اور اراکین نے کہا ہے کہ ایم کیوایم ملک میں غریب و متوسط طبقے کا انقلاب لاکر رہے گی اور ایم کیوایم کے تحت گزشتہ دنوں ہونے والے پنجاب کنونشن کی کامیابیوں نے فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام کے خاتمے اور غریب و متوسط طبقے کے انقلاب کی سمت متعین کردی ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم شروع دن سے ہی ملک میں جمہوریت کے فروغ ،ملکی استحکام ،صوبائی خودمختاری کے حصول اور وسائل کی منصفانہ تقسیم سمیت ملک بھر کے 98 فیصد غریب و مظلوم عوام کے بنیادی حقوق اور انہیں پالیسی اور فیصلہ سازی میں شریک کرنے کی عملی جدوجہد کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ اقتدار کا حصول ایم کیوایم کی منزل ہرگز نہیں ہے بلکہ ایم کیوایم ملک کے فرسودہ نظام کی مستقل تبدیلی چاہتی ہے تاکہ ملک بھر کے غریب و مظلوم عوام جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام کے شکنجے سے آزاد ہوکر ملک وقوم کی ترقی وخوشحالی کیلئے اپنا عملی کردار ادا کرسکیں اور اس میں اپنا حصہ ڈال سکیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم زبانی دعوے اور وعدے پر یقین نہیں رکھتی بلکہ ایم کیوایم نے عملی طور پر غریب و متوسط طبقے کی قیادت کو سندھ میں متعارف کرایا ہے اور غریب و متوسط طبقے سے تعلق رکھنے والی حق پرست قیادت نے جس طرح سے عوامی مسائل کو حل کیا اور شہر کراچی اور اندرون سندھ میں تعمیراتی اور ترقیاتی کام کروائے وہ اپنی مثال آپ ہیں اور حق پرست قیادت کی عوامی خدمات کو آج نہ صرف ملک بھر بلکہ عالمی سطح پر بھی سراہا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم پنجاب میں بھی پڑھے لکھے اور غریب و متوسط طبقے کی قیادت متعارف کرائے گی، پنجاب کے پڑھے لکھے غریب عوام آج بھی ملک کے ایوانوں میں جانے کا تصور نہیں کرسکتے لیکن ایم کیوایم اپنے پلیٹ فارم سے انہیں ملک کے ایوانوں میں بھیجے گی اور انشاءاللہ پنجاب میں بھی غریب و متوسط طبقے کی قیادت کو ایم کیوایم کے پلیٹ فارم سے متعارف ہوگی۔ایم کیوایم لیبر ڈویژن نے پنجاب بھر کے عوام اور محنت کشوں سے پنجاب کنونشن میں بھرپور شرکت کر کے اسے کامیاب کرانے پر دلی مبارکباد پیش کی اور کہا کہ پنجاب کنونشن کی کامیابی نے ثابت کردیا ہے کہ پنجاب کے عوام فرسودہ نظام کی تبدیلی چاہتی ہیں۔

## ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔5،مئی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم سکھر زون یونٹ یوسی 7A کے انچارج سید محمود شاہ کی والدہ محترمہ رفیقہ بیگم،ایم کیوایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر یونٹ 113 کے کارکن طلحہ جیوا کے والد ابوبکر جیوا اور ایم کیوایم کراچی ومضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی یوسی 11 جمشید ٹاؤن کے کارکن قذافی کے والد حاجی رحیم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆